تعارف و تبصرہ
ابو الحقائق چاریاری

ڈاڑھی کی شرعی حیثیت

مصنف: حفظ الرحمن الاعظمی الندوی، ناشر: دار الکتاب الاسلامی، یو، پی، انڈیا، صفحات: 72، قیمت درج نہیں۔

ڈاڑھی ایک ایسا اسلامی شعار ہے جسے فرمان نبویؐ کے مطابق فطرت انسانی اور سنت انبیاؑ قرار دیا گیا ہے، اور اس کا منڈوانا حرام اور ہنود و مجوس کا شعار ہے۔ زیر تبصرہ کتاب میں اسی پر بحث کی گئی ہے اور احادیث صحیحہ، تعامل سلف صالحین، مسالک فقہاء اربعہ اور فتاوی علمائے اہل حدیث کے حوالہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ ڈاڑھی کم از کم ایک قبضہ تک مسنون ہے، کٹوا کر اس سے چھوٹی کر لینا ناجائز و مکروہ ہے۔ نیز یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ایک قبضہ سے زائد ڈاڑھی کا کاٹنا جائز اور درست ہے۔

رواداری اور دینی غیرت

مصنف: ڈاکٹر محمد صدیق شاہ بخاری، ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ننکانہ صاحب ضلع شیخوپورہ، صفحات: 88، قیمت درج نہیں۔

رواداری دین اسلام کا ایک اہم جزو ہے، جس کی خصوصی تعلیم دی گئی ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ دینی غیرت و حمیت بھی ایمانی سلامتی کی بنیاد ہے۔ دونوں کی اپنی اپنی حدود و قیود ہیں، اور انہیں حدود میں رہ کر دونوں پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود اطہر امت مسلمہ کے لیے نمونہ کامل ہے، اور اس نمونہ میں ہمیں دونوں پر عمل کے روشن ثبوت ملتے ہیں۔ اگر ایک طرف وہ مہمان یہودی کی خدمت کرتے نظر